RAHBAR INTERNATIONAL
Post Date: September 25, 2025
PDF Created On: Tue, Oct 14 2025 12:59:22 pm

ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ملتان

,Green Pakistan - پاکستان گرین,Snippets

پروفیسر ڈاکٹر آصف علی (تمغہ امتیاز) کو تیسری بار محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی ملتان کے وائس چانسلر کا چارج سنبھالنے پر وائس چانسلر نشتر میڈیکل یونیورسٹی ملتان پروفیسر ڈاکٹر مہناز خاکوانی اور پروفیسر ڈاکٹر مسعود الروف ہراج، پروفیسر ڈاکٹر سید احمر حسین، پروفیسر ڈاکٹر اعظم نے مبارکباد پیش کی

rki.news

پریس ریلیز 25ستمبر 2025
ملتان۔پروفیسر ڈاکٹر آصف علی (تمغہ امتیاز) کو تیسری بار محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی کے وائس چانسلر کا چارج سنبھالنے پر وائس چانسلر نشتر میڈیکل یونیورسٹی ملتان پروفیسر ڈاکٹر مہناز خاکوانی اور پروفیسر ڈاکٹر مسعود الرؤف ہراج، پروفیسر ڈاکٹر سید احمد حسین ،پروفیسر ڈاکٹر اعظم نے مبارکباد پیش کی۔اس موقع پر ڈاکٹر اصف علی کا کہنا تھا کہ انہوں نے اپنے پہلے دو ادوار میں یونیورسٹی کو ایجوکیشن اور ریسرچ کے لحاظ سے پاکستان کی ٹاپ 10 یونیورسٹیوں میں شامل کرایا۔محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی کا آغاز 2012 میں ایک سکول کی عمارت سے ہوا۔ انہوں نے نہ صرف ملتان میں یونیورسٹی کا بہترین کیمپس تعمیر کروایا بلکہ جلال پور پیروالہ میں بھی بنجر زمین پر یونیورسٹی کا تحقیقاتی فارم آباد کیا۔شبانہ روز محنت کی بدولت یونیورسٹی کا نام نہ صرف قومی سطح پر بلند ہوا بلکہ بین الاقوامی سطح پر بہت سی رینکنگ میں اعلی درجات پر برجمان ہے۔انہوں نے کہا ایک تعلیمی ادارے میں پروفیسر ہونا یقینا ایک معراج ہے لیکن اس سے بڑی معراج یہ ہے کہ پروفیسر صاحبان کا علم معاشرے اور قوم کی خدمت میں استعمال ہو ہم اس ادارے کو صرف کلاس رومز تک محدود نہیں رکھنا چاہتے بلکہ پریکٹیکل اور نتیجہ خیز علم کو عام کر کے ملکی ترقی کی راہ پر گامزن کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یونیورسٹیز اور ریسرچ اداروں کو کسانوں کی بہتری کے لیے مزید بہتر کام کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ پاکستان کی معیشت کے لیے کسان کا مضبوط ہونا وقت کی اہم ضرورت ہے۔اس موقع پر وائس

چانسلر نشتر میڈیکل یونیورسٹی کا کہنا تھا کہ بہت ہی کم عرصہ میں زرعی
یونیورسٹی ملتان نے نہ صرف ملکی بلکہ بین الاقوامی سطح پر اپنا نام پیدا کیا ہے یقینا
یہ کامیابی ڈاکٹر آصف علی کی لیڈر شپ میں ممکن ہوئیپروفیسر ڈاکٹر مسعود الرؤف
ہراج نے کہا کہ ڈاکٹر آصف علی کا تیسری بار وائس چانسلر بننا ساؤتھ پنجاب کے
کسانوں کے لیے خوش آئند ہے۔
ریاض احمد براج
ترجمان زرعی یونیورسٹی ملتان